مولانا عبدالقیوم حقانی

تعارف وتبصرہ کتب

نقشِ دوام | تالیف، جناب انظر شاہ مسعودی ۔ صفحات ٤٦٧ ۔ قیمت ٩٠ روپے

ناشر:۔ فیمس بکس، الوہاب مارکیٹ، اردو بازار ۔ لاہور

امام العصر مولانا محمد انور شاہ کشمیری ان عبقری شخصیتوں میں سے تھے جن کا فیض عالمگیر اور محبوبیت عام قلوب کی ت ہوتی ہے جو صدیوں میں پیدا ہوتی ہیں اور صدیوں کو علم وفضل سے رنگین کر جاتی ہے ۔ اکابر علماء اور تلامذہ انہیں پھر تاکتب خانہ کہا کرتے تھے ۔ علم میں اپنی مثال آپ تھے ۔ علمی حیثیت سے بھی ہمہ جہت نور میں ڈھلے ہوئے تھے ۔ ے چہرۂ انور کو دیکھ کر غیر مسلم بھی یہ کہنے پر مجبور ہوئے کہ "اگر اسلام مجسم صورت میں آتا تو وہ علامہ انور شاہ کشمیری ورت میں ہوتا ۔ محدث العصر علامہ بنوری کی عربی میں مولانا مرحوم پر عظیم سوانح " نفحۃ العنبر " اور متعدد اردو یحات کے ہوتے ہوئے بھی ایک مکمل مفصل جامع وحاوی اور قابلِ وثوق تذکرہ وسوانح کا قرض تاہنوز مرحوم توسلین کے ذمہ تھا ۔ خدا جزائے خیر دے مولانا انظر شاہ مسعودی کو جنہوں نے " صاحب البیت ادری بما فیہ " پیشِ نظر یہ فرض بطریق احسن نبھایا ۔ اور اس میں کامیاب بھی ہوئے اور نقشِ دوام ایسی لکھی کہ جہاں سے ہ کیا جائے دل گواہی دیتا ہے کہ " جا ایں جا است " پھر اندازِ تحریر بھی ایسا کہ سمندر دل کو کوزہ میں بند کر دیا ہے ۔ کتاب کے مطالعہ سے صاحبِ سوانح کی عظمت وتاریخ سے آگاہی کے ساتھ ساتھ دارالعلوم دیوبند اور بہت عظیم علمی ہستیوں کا تعارف بھی حاصل ہو جاتا ہے ۔

پیشِ نظر کتاب کسی ایک بھی علمی حصہ کی تاریخ نہیں بلکہ علوم وکمالات کے بہت سے گوشوں کی تاریخ ہے قارئین اس کی بھر پور قدر کریں گے ۔ (ع ق ح)

تدقیق الکلام ۔ جلد اول | تالیف شیخ الحدیث مولانا عبدالقدیر صاحب ۔ صفحات ٢٤٤ ۔ قیمت ٦٠ روپے

ناشر ۔ کتب خانہ رشیدیہ، مدینہ مارکیٹ ۔ راجہ بازار ۔ راولپنڈی

متنوع اور متعدد فروعی اور اختلافی مسائل میں سے ایک مسئلہ قرأت خلف الامام یا ترک القرأت خلف الامام ی ہے ۔ جو عہد نبوت سے تا ہنوز اختلافی چلا آرہا ہے ۔ مگر بعض نادان دوستوں نے اس میں نہایت غلو اور تعصب